**SET-1**

**Series : SSO/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 252/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحوں کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ یہ بھی جانچ لیں کہ اِس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **27** ہے۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کی جگہ پر جواب کاپی میں لِکھ دیجیے۔**
- آپ کو پرچہ کے سوال پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ 10 بجکر 15 منٹ تک پرچہ طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ میں چھپے سوالوں کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ جواب کاپی میں کچھ لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

حاصل وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours]*

بیش تریں کُل نمبر : 100

*[Maximum marks : 100*

**عام ہدایات :**

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبر **1** سے **5** تک کا ہر سوال **ایک** نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **20** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iii) سوال نمبر **6** سے **10** تک کا ہر سوال دو نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **40** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوال نمبر **11** سے **16** تک کا ہر سوال چار نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **100** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوال نمبر **17** سے **21** تک کا ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک سوال کا جواب **150** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر **21** نقشہ پر مبنی سوال ہے۔ اس کا جواب آپ اپنی جواب کی کاپی میں لکھیے۔

(vii) سوال نمبر **22** سے **27** تک ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب **150** الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

1. نیوکلیائی طاقت ہونے کے باوجود، دونوں بڑی طاقتوں نے پوری طرح جنگ کیوں نہیں کی ؟ **1**

2. 'پہلی خلیجی جنگ' کو 'کمپیوٹر کی جنگ' کیوں کہا گیا ؟ **1**

3. خدمات کی عالم گیریت کو دکھانے والی ایک مثال پیش کیجیے۔ **1**

4. دلائی لاما اور بہت بڑی تعداد میں تبتیوں کو پناہ دینا، ہندوستان کے لیے کہاں تک منصفانہ تھا ؟ **1**

5. منڈل کمیشن کو کون سے دو اہم کام دیئے گئے تھے ؟ **$2 \times \frac{1}{2} = 1$**

6. 'صدمہ کا علاج' کا مطلب کیا ہے ؟ **2**

7. اس حالت کا تجزیہ کیجیے جس نے مہاتما گاندھی کو 15 اگست، 1947 کو ہوئے کسی بھی یوم آزادی کے جشن میں حصہ نہ لینے کے لئے مجبور کیا۔ **2**

8. رام منوہر لوہیا نے غیر کانگریسیت کے تصور کی حمایت میں کون سی نظریاتی دلیل دی تھی ؟ **2**

9. چپکو تحریک کے کسی دو انوکھے پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔ **2 × 1 = 2**

10. سکّم کو ہندوستان کے 'زیر انتظام ونگرانی' (protectorate) کیوں کہا جاتا تھا ؟ **2**

11. کلنٹن کے دور میں بھی امریکہ نے فوجی طاقت کے استعمال کرنے کے لیے اپنی آمادگی ظاہر کی تھی۔ یہ دکھانے کے لیے کوئی دو واقعات بیان کیجیے۔ **2 × 2 = 4**

12. IAEA (آئی۔اے۔ای۔اے۔) کی علامت کا کیا مطلب ہے ؟ یہ کب قائم کیا گیا تھا ؟ اس کے کوئی دو خاص مقاصد بیان کیجیے۔ **1 + 1 + 2 = 4**

13. عالم گیریت کے کوئی چار سیاسی نتائج بیان کیجیے۔ **4 × 1 = 4**

14. آزادی کے فوراً بعد، ہندوستان کی مرکزی قیادت (لیڈرشپ) نے لسانی بنیاد پر ریاستوں کے بنائے جانے کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کیوں کیا ؟ **4**

15. ''دوسرے پنج سالہ منصوبے کے اندر صنعت کاری پر دیا جانے والا زور، ہندوستان کی ترقی میں ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوا، لیکن مسئلوں کے بنا نہیں۔'' آپ اس قول کی کہاں تک حمایت کرتے ہیں ؟ واضح کیجیے۔ **4**

16. دل بدل سے کیا مطلب ہے ؟ اس نے ہندوستانی سیاسی سسٹم کو کیسے متاثر کیا ؟ **1 + 3 = 4**

17. درج ذیل پیراگراف کوغور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **2 + 1 + 1 + 1 = 5**

سرد جنگ محض طاقت کے لیے حریفانہ کشمکش، فوجی معاہدوں اور طاقت کے توازن کی کہانی نہیں تھی بلکہ اس کے ہمراہ حقیقی نظریاتی اختلافات بھی تھے یعنی کشاکش تھی کہ کون سا نظریہ دنیا کی سیاسی، معاشی اور سماجی نظام کے لیے بہترین اور مناسب ہے۔ مغربی حلیفوں کی سرداری امریکہ کر رہا تھا جو ایک ایسے نظام کی نمائندگی کرتا تھا جس کا نظریہ آزاد جمہوریت اور سرمایہ داری پر مبنی تھا۔ اس کے برعکس مشرقی حلیفوں کی قیادت سوویت یونین کے ہاتھ میں تھی جو اشتراکی اور کمیونسٹ نظریہ رکھتے تھے۔

(i) سرد جنگ کے لئے ذمہ دار کون سے دو خاص عوامل تھے ؟

(ii) مغربی اتحاد کس نظریے کی نمائندگی کرتا تھا ؟

(iii) مشرقی اتحاد کس نظریے کی نمائندگی کرتا تھا ؟

(iv) ہم عصر عالم کو سرد جنگ کا خاص فائدہ کیا ملا ؟

18. درج ذیل پیراگراف کوغور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **1 + 2 + 2 = 5**

اس چوٹی کی کانفرنس (Summit بھی کہتے ہیں) میں 170 ملکوں، ہزاروں NGOs یعنی غیر سرکاری تنظیموں اور کئی کثیرالاقوامی کارپوریشن نے شرکت کی تھی۔ پانچ سال پہلے 1987 کی برنٹ لینڈ رپورٹ 'ہمارا مشترکہ مستقبل' *(Our Common Future)* نے یہ تنبیہہ کی تھی کہ معاشی ترقی کے روایتی انداز طویل عرصے تک شانہ بہ شانہ نہ چل سکیں گے، خاص طور سے 'جنوب' کی جانب سے مزید صنعتی ترقی کے مطالبے کے پیشِ نظر۔ ریوڈی جیفروکی چوٹی کانفرنس میں یہ بات بہت واضح طور پر سامنے آئی کہ دولت مند اور ترقی یافتہ پہلی دنیا کے ممالک، جن کو عام طور سے 'عالم گیری شمال' (Global North) کہا جاتا ہے، غریب اور ترقی پذیر تیسری دنیا کے ممالک، جنھیں عام طور سے 'عالم گیر جنوب' (Global South) کہا جاتا ہے، سے الگ ماحولیاتی پروگرام پر عمل کر رہے ہیں۔ شمالی ممالک ozone کی مقدار میں کمی اور آفاقی درجۂ حرارت میں اضافے کو زیادہ اہمیت دیتے تھے۔ اس کے برعکس جنوبی ریاستیں خواہش مند تھیں کہ ماحولیاتی نظم ونسق اور معاشی ترقی کے درمیان تعلق پر غور کیا جائے۔

(i) اوپر دیئے گئے پیراگراف میں کس کانفرنس Summit کا ذکر کیا گیا ہے ؟

(ii) پہلی عالمی جنگ اور تیسری عالمی جنگ کے دو-دو ملکوں کے نام لکھیے۔

(iii) معاشی ترقی کا روایتی انداز طویل عرصے تک شانہ بہ شانہ نہ چل سکنے کے قابل کیوں نہیں سمجھا جاتا ؟

.19 درج ذیل پیراگراف کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **2 + 1 + 2 = 5**

کسی قوم کی خارجہ پالیسی اس کے اندرونی اور بیرونی عناصر کے باہمی تعامل سے بنتی ہے۔ لہٰذا جن نیک اور اعلیٰ مقاصد کو لے کر ہندوستان کی جدوجہد آزادی آگے بڑھی تھی وہی نصب العین ہندوستان کی خارجہ پالیسی کا بھی رہنما رہا۔ لیکن ہندوستان کی آزادی کا حصول اور سرد جنگ کی ابتدا ساتھ ساتھ ہوئی اور جیسا کہ آپ نے اپنی کتاب 'دورِ حاضر کی عالمی سیاست' میں پڑھا ہوگا کہ یہی وہ وقت تھا جب عالمی سطح پر معاشی، فوجی اور سیاسی اعتبار سے یہ دور دو عظیم طاقتوں یعنی ریاست ہائے متحدہ اور سوویت یونین کے درمیان کشاکش کا زمانہ تھا۔ اسی زمانے میں اقوام متحدہ کا قیام، نیوکلیائی ہتھیاروں کی تخلیق، کمیونسٹ چین کا ظہور اور نوآبادیاتی نظام کے خاتمہ کی ابتدا بھی ہوئی۔ لہٰذا ہندوستان کی قیادت کو قومی مفادات، موجود بین الاقوامی ماحول میں حاصل کرنے تھے۔

(i) دونوں عظیم طاقتوں جو کے قیادت والے دونوں کیمپوں میں سے ہندوستان کسی ایک میں بھی شامل کیوں نہیں ہوا ؟

(ii) موجودہ بین الاقوامی ماحول میں، ہندوستان نے اپنے قومی مفادات کا دھیان کیسے رکھا ؟

(iii) قومی مفاد کی حفاظت کرنے والی نہرو کی خارجہ پالیسی کے کوئی دو مقاصد اجاگر کیجیے۔

.20


The New York Times

U.S. ATTACKED

HIJACKED JETS DESTROY TWIN TOWERS AND HIT PENTAGON IN DAY OF TERROR

A CREEPING HORROR

President Vows to Exact Punishment for 'Evil'

A Somber Bush Says Terrorism Cannot Prevail

Awaiting the Aftershocks

اوپر دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : **2 + 1 + 2 = 5**

(i) ہائی جیکرز کون تھے اور انھوں نے اس حملے کو کیسے انجام دیا ؟

(ii) پینٹا گن (Pentagon) کیا ہے ؟

(iii) اس حملے سے امریکیوں کو جو صدمہ پہنچا اس کا موازنہ پہلے کئے گئے کون سے دو اہم حملوں سے کیا جا سکتا ہے ؟


**نوٹ :** درج ذیل سوال **صرف نابینا طلبا** کے لیے سوال نمبر **20** کے بدلے : **2 +1 + 2 = 5**

(20.1) 9/11 کو دہشت گردی کے خلاف عالم گیر جنگ کیوں کہا جاتا ہے ؟

(20.2) 9/11 کو امریکہ پر کس نے حملہ کیا ؟

(20.3) 9/11 کے حادثہ کا جواب امریکہ نے کس طرح دیا ؟

21. ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی خاکے میں، پانچ ریاستوں کو (A) ، (B) ، (C) ، (D) اور (E) کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔ نیچے دی گئی معلومات کی بنیاد پر ان کو پہچانئے اور اپنی جوابی کاپی میں ان ریاستوں کے صحیح نام دی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور نشان زد کئے گئے حرف تہجی کے ساتھ لکھیے۔ **5 × 1 = 5**



(i) چپکو تحریک سے متعلق ریاست

(ii) وہ ریاست جہاں نکسلی تحریک وجود میں آئی

(iii) وہ ریاست جہاں دلت پینتھرس قائم ہوا

(iv) وہ ریاست جہاں نرمدا ساگر پروجیکٹ واقع ہے

(v) ای۔وی۔ راما سوامی نائیکر کی ہوم اسٹیٹ

**نوٹ :** درج ذیل سوال **صرف نابینا طلبا** کے لیے سوال نمبر **21** کے بدلے : **5 × 1 = 5**

درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(21.1) نکسلباڑی پولیس اسٹیشن کس ریاست میں ہے ؟

(21.2) بھارتی کسان یونین کس ریاست میں قائم ہوئی ؟

(21.3) اڑک (عرق) مخالف تحریک (Anti-Arrack) کا اہم علاقہ کس ریاست میں تھا ؟

(21.4) شیخ محمد عبداللہ کی ہوم ریاست کون سی تھی ؟

(21.5) 1963 میں کون سی ریاست بنی تھی ؟

22. کیوبائی میزائل بحران کیا تھا ؟ اس کے حل ہونے تک کے واقع ہونے والے حالات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ **2 + 4 = 6**

**یا**

سوویت یونین کے انتشار کے لیے گورباچیف کہاں تک ذمہ دار تھا ؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ **6**

23. یورپی یونین کے معاشی اور سیاسی اثرات کا تجزیہ کیجیے۔ **3 + 3 = 6**

**یا**

ہندوستان اور پاکستان کے بیچ تناؤ کے کسی تین اہم علاقوں کا تجزیہ کیجیے۔ **3 × 2 = 6**

24. اقوام متحدہ (یونائیٹیڈ نیشن) کے اہم عناصر کی فہرست بنایئے اور ان میں سے کسی دو کے کاموں کو بیان کیجیے۔ **2 + 4 = 6**

**یا**

خارجی سلامتی کے روایتی تصور کے کوئی تین عناصر بیان کیجیے۔ **3 × 2 = 6**

25. بھارتیہ جن سنگھ اور بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی کے نظریات میں فرق بیان کیجیے۔ $3 + 3 = 6$

یا

آپ اس بات سے کہاں تک متفق ہیں کہ اڑیسہ کے خام لوہے کے بڑے ذخیرے، عوام کے فلاحی نظریے سے سرمایہ کاری کے لیے بہت اہم مقام رکھتے ہیں ؟ اس پس منظر میں، قبائلی لوگوں کے خوف اور ماحولیاتی ماہرین کے شک و شبہ کی بنیاد کا تجزیہ کیجیے۔ $4 + 2 = 6$

26. یونین گورنمنٹ اور عدلیہ کے درمیان تصادم (ٹکراؤ) کے لیے ذمہ دار حالات کا تجزیہ کیجیے۔ 6

یا

1967 کے چوتھے عام انتخاب کے وقت ملک میں ہوئی تبدیلیوں کی جانچ کیجیے۔ 6

27. ہندوستان جیسی جمہوری حکومت میں عوامی تحریکات کے کوئی چھ فائدے بیان کیجیے۔ $6 \times 1 = 6$

یا

ہندوستان جیسے وسیع ملک میں تنوع میں یکجہتی پیدا کرنے کے لیے جمہوریت کے نظریے کے کارآمد ہونے کو بیان کیجیے۔ 6